سوال

یہ بات صحیح نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے بہت سے لوگوں سے یہ کہتے ہوئے سنا ہے ۔ کہ اگر چالیس سال یا اس سے زیادہ عمر میں پیشانی پر سجدہ کرنے سے نشان نہ ہو تو اس کے معنی یہ ہیں کہ اس انسان کا سجدہ صحیح نہیں یا ناقص ہے یہ بات کہاں تک صحیح ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ بات صحیح نہیں ہے بلکہ صحیح یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے سجدہ کو ضرور شرف قبولیت سے نوازتا ہے جب بندہ اخلاص کے ساتھ اپنے رب کی بارگاہ میں سجدہ ریز ہو خواہ چالیس سال کی عمر سے پہلے یا بعد میں اس کی پیشانی پر سجدہ کی علامت نمودار ہو یا نہ ہو یہ علامت آج کل غالباً لوگوں کی پیشانیوں پر اس لئے بھی نمایاں نہیں ہوتی کہ اکثر لوگ نرم قالینوں اور مصلوں پر نماز ادا کرتے ہیں اور پھر یہ ضروری تو نہیں کہ پیشانی پر سجدہ کی علامت نمایاں ہو اور اس کے نمایاں نہ ہونے سے سجدہ باطل نہیں ہوتا ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص402

محدث فتویٰ